راولپنڈی ترقیاتی ادارہ

راولپنڈی ترقیاتی ادارہ میں جز ووقتی لیگل ایڈوائزر (مشیر قانون) اور اسٹنٹ لیگل ایڈوائزرز (اسٹنٹ مشیر قانون) کی ضرورت ہے

راولپنڈی ترقیاتی ادارہ کو لیگل ایڈوائزر کی 1 آسامی اور اسٹنٹ لیگل ایڈوائزر کی 2 آسامیوں کے لئے اہل اور خواہش مند وکلاء سے درخواستیں مطلوب ہیں جسکے لیے فرائض وشرائط اور تعلیم وتجربہ حسب ذیل ہیں۔

فرائض وشرائط:

1. راولپنڈی ترقیاتی ادارہ کی طرگ سے مقدمات دائر کرنا یا اس کے خلاف دائر کردہ مقدمات اور اپیلوں کی جملہ سول عدالتوں، ہائی کورٹ، سروسز اور لیبر ٹریبونل وغیرہ میں پیروی کرنا۔
2. راولپنڈی ترقیاتی ادارہ کو دفتری امور میں مشورہ دینا۔
3. عدالتوں سے آمدہ مقدمات کے جوابات تیار اور دائر کرنا۔
4. عدالتی امور میں اسٹنٹ لیگل ایڈوائزرز کا لیگل ایڈوائزر کی معاونت کرنا۔
5. حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً عائد کردہ مزید ہدایات بھی ان شرائط کا حصہ تصور ہونگی۔
6. تقرری عرصہ دو سال کے لئے ہوگی اور لیگل ایڈوائزر کا ماہانہ مشاہرہ اہلیت اور تجربہ کے مطابق -/100,000 روپے تک جبکہ اسٹنٹ لیگل ایڈوائزرز کا ماہانہ مشاہرہ اہلیت اور تجربہ کے مطابق -/25,000 روپے تک ہوگا۔
7. گورنمنٹ آف پنجاب کو حق حاصل ہوگا کہ وہ راولپنڈی ترقیاتی ادارہ کو آگاہ کرتے ہوئے کسی بھی وقت ایک ماہ کے نوٹس پر یا ایک ماہ کی تنخواہ دیکر لیگل ایڈوائزر یا اسٹنٹ لیگل ایڈوائزرز کا کنٹریکٹ ختم کردے۔ اسی طرح لیگل ایڈوائزر یا اسٹنٹ لیگل ایڈوائزرز بھی ایک ماہ کے نوٹس پر یا ایک ماہ کی تنخواہ دیکر کنٹریکٹ ختم کر سکتے ہیں۔

تعلیم وتجربہ:

(i) **لیگل ایڈوائزر:** درخواست گزار کا بی اے ایل ایل بی بمعہ پانچ سالہ تجربہ / پریکٹس (Active Experience / Practice) بطور ہائی کورٹ وکیل اور بار کونسل کا ممبر ہونا ضروری ہے۔

(ii) **اسٹنٹ لیگل ایڈوائزر:** درخواست گزار کا بی اے ایل ایل بی بمعہ تین سالہ پریکٹس (Active Practice) بطور وکیل اور بار کونسل کا ممبر ہونا ضروری ہے۔

نوٹ: تقرری بمطابق گورنمنٹ ہدایات جاری کردہ بذریعہ لیٹر نمبر Gen:2-1/2008/1941 مورخہ 14.05.2011 کے تحت کی جائے گی۔ لیگل ایڈوائزر اور اسٹنٹ لیگل ایڈوائزرز کی تقرری، کارکردگی و جملہ شرائط مذکورہ قواعد کے تابع ہوں گی۔ مکمل درخواستیں زیر دستخطی کو **28-10-2015 تک** پہنچ جانی چاہیں تاخیر سے آنیوالی اور نامکمل درخواستیں ناقابل قبول ہوں گی۔

IPL-13053

ڈائریکٹر (ایڈمن اینڈ فنانس) راولپنڈی ترقیاتی ادارہ، راولپنڈی